**02.12.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

Music

..........................................................................

☆ حکومت اور اپوزیشن پارٹیوں کے درمیان، پارلیمنٹ کے جاری سرمائی اجلاس میں تعطل کو ختم کرنے کیلئے اتفاق رائے ہوگیا ہے۔

☆ BJP نے مہاراشٹر میں قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے انتخاب کے معاملات دیکھنے کیلئے سینئر پارٹی لیڈر نرملا سیتا رمن اور وجے روپانی کو مرکزی مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔

☆ سمندری طوفان Fengal نے پڈوچیری اور تمل ناڈو میں شدید بارش اور سیلاب کے ساتھ بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے دلّی NCR میں، GRAP-IV پابندیوں میں راحت دینے سے اُس وقت تک انکار کردیا ہے جب تک کہ ہوا کے معیار کے اشاریے میں کمی کا رجحان ظاہر نہیں ہوتا۔

☆ اور کرکٹ میں، شارجہ میں 19 سال سے کم ایشیا کپ کے ایک گروپ اسٹیج میچ میں بھارت نے جاپان کو 211 رن سے کراری شکست دی۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Parliament - Om Birla***

آج حکومت اور اپوزیشن پارٹیاں جاری سرمائی اجلاس کی کارروائی کو بلارکاوٹ انجام دینے کو یقینی بنانے سے متعلق ایک باہمی اتفاقِ رائے پر پہنچے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج دوپہر پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران جناب برلا نے تمام اراکین سے اپیل کی کہ وہ ایوان کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے انجام دیئے جانے میں تعاون کریں۔ لیڈروں نے ان کی بات سے اتفاق کیا اور اس ضمن میں اپنی حمایت کا اظہار کیا۔ بعد میں، پارلیمنٹ کے باہر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کہا کہ لوک سبھا میں آئین اپنائے جانے کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر اس ماہ کی 13 اور 14 تاریخ کو ایک خصوصی بحث کا انعقاد کیا جائے گا۔

راجیہ سبھا میں یہ بحث 16 اور 17 دسمبر کو منعقد کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میٹنگ میں موجود رہنماؤں

نے پارلیمنٹ کے ایوانوں کی کارروائی بلارکاوٹ انجام دینے کیلئے اپنی حمایت کا یقین دلایا۔ انھوں نے اپوزیشن و دیگر مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں سے ایک بار پھر سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلنے دیں۔

SB - Kiran Rijiju

### Par Adjourn

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج لگاتار پانچویں دن کوئی خاص کام کاج نہیں ہوسکا اور دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اپوزیشن نے مختلف معاملات پر آج بھی ہنگامہ آرائی کی۔ اِن میں ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور اترپردیش کے سنبھل میں تشدد کا معاملہ شامل ہے۔x

### PM Film

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ہندی فلم ’’ دی سابرمتی رپورٹ ‘‘ دیکھی۔ انہوں نے یہ فلم نئی دلّی میں پارلیمنٹ لائبریری بلڈنگ کے GMC بالا یوگی اسٹیڈیم میں دیکھی۔ اِس دوران وزیرِ داخلہ امت شاہ ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو، دیگر کابینی وزراء، اراکین پارلیمنٹ اور دیگر سرکردہ شخصیات موجود تھیں۔ بعد میں سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اِس فلم کے بنانے والوں کی کوششوں کی ستائش کی۔ اِس سے پہلے گذشتہ مہینے کی گئی سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا تھا کہ یہ اچھی بات ہے کہ سچائی اُس طریقے سے سامنے آرہی ہے، جسے عام آدمی سمجھ سکتا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا تھا کہ فرضی بیانیہ مختصر مدت تک ہی قائم رہ سکتا ہے اور آخر کار سچائی ہمیشہ سامنے آہی جاتی ہے۔ یہ فلم فروری 2002 میں گجرات کے گودھرا میں ٹرین میں آتش زنی کے واقعے پر مبنی ہے۔فلم کے اداکار وکرانت Massey نے کہا ہے کہ یہ اُن کے کیریئر کا سب سے اہم موقع ہے، جب انہیں وزیر اعظم کے ساتھ فلم دیکھنے کا موقع ملا۔

SB - Vikrant Massey

وہیں اداکارہ راشی کھنہ نے کہا کہ یہ ایک انوکھا احساس ہے۔’’ دی سابرمتی رپورٹ‘‘ فلم کو کئی ریاستوں میں ٹیکس فری کردیا گیا ہے اور دیگر کئی ریاستیں بھی اِسے ٹیکس فری کررہی ہیں۔ x

### BJP Maharashtra

BJP نے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کو مہاراشٹر میں پارٹی کو اپنا لیڈر منتخب کرنے کی غرض سے پارٹی کی قانون ساز پارٹی میٹنگ کیلئے پارٹی کا مرکزی مشاہد مقرر کیا ہے۔ یہ مشاہدین BJP قانون ساز پارٹی لیڈر کے انتخاب کا معاملہ دیکھیں گے۔ BJP پارلیمانی بورڈ نے اُن کی تقرری کو منظوری دی ہے۔ مہاراشٹر میں نئی سرکار کی حلف برداری کی تقریب جمعرات کو منعقد کی جائے گی۔ BJP کی قیادت والے مہایوتی اتحاد نے مہاراشٹر میں حال ہی میں منعقدہ اسمبلی انتخابات میں واضح اکثریت درج کی ہے۔ 288 رکنی اسمبلی میں 132 سیٹیں حاصل کرکے BJP سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے، جبکہ اِس کے اتحادی ایکناتھ

شندے کی قیادت والی شیوسینا کو 57 سیٹیں اور اجیت پوار کی قیادت والی NCP کو 41 سیٹوں پر جیت حاصل ہوئی ہے۔x

## Maharashtra Political Updates

مہاراشٹر میں وسیع تر سیاسی بحث ومباحثے کے دوران ریاست کے نئے وزیر اعلیٰ کے متعلق تجسس جاری ہے۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کے مہاراشٹر میں اپنا لیڈر منتخب کرنے کی غرض سے BJP کے مرکزی مشاہدین کے طور پر تقرر کے بعد، توقع ہے کہ وہ کل شام ممبئی میں BJP کے نومنتخب MLAs کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ BJP قانون ساز پارٹی 4 دسمبر کو ایک میٹنگ کا انعقاد کرے گی۔ مہاراشٹر میں نومنتخب مہایوتی سرکار کی حلف برداری کی تقریب 5 دسمبر کو ممبئی کے آزاد میدان میں منعقد کی جائے گی، جس کا کافی عرصے سے انتظار تھا۔ BJP کے مہاراشٹر کے صدر چندرشیکھر Bawankule نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں توثیق کی ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی اِس تقریب میں موجود رہیں گے۔x

## PM Visit Chandigarh

وزیر اعظم نریندر مودی کا کل چنڈی گڑھ دورے کا پروگرام ہے، جہاں وہ تین نئے فوجداری قوانین کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے۔ اِن فوجداری قوانین کو بھارت کے فوجداری نظامِ انصاف کے نفاذ کو بہتر بنانے کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اِس موقع پر پولیس، نئے قوانین متعارف کرائے جانے کے بعد عدالتی نظام اور شواہد سے متعلق قانون کے نفاذ کا مشاہدہ پیش کرے گی۔ x

## PM Assam CM

آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے آج نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب سرما نے کہا کہ اُنھوں نے مختلف ترقیاتی معاملات سے متعلق وزیر اعظم کی رہنمائی حاصل کی۔ جناب سرما نے آسام کے عوام کی طرف سے بھی جناب مودی کو آسام کے سرمایہ کاروں اور بنیادی ڈھانچے کی سربراہ کانفرنس اور میگا جھومر پرفارمنس میں شرکت کرنے کی دعوت بھی دی جو فروری 2025 میں منعقد ہوں گے۔x

## Rev. Cyclone Fengal

سمندری طوفان Fengal نے پڈوچیری اور تمل ناڈو کے حصوں میں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلائی ہے، ریکارڈ بارشیں ہوئی ہیں اور سیلاب آئے ہیں۔ پڈوچیری میں بارش سے متعلق واقعات میں چار افراد ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر دو اب بھی لاپتہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ این رنگاسامی نے اِس واقعے میں جان گنوانے والے خاندانوں میں سے ہر ایک کو پانچ لاکھ روپئے دینے کا اعلان کیا ہے۔ سخت موسم کے باعث ہونے والی دشواریوں کو کم کرنے کیلئے وزیر اعلیٰ نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں راشن کارڈ رکھنے والے ہر فرد کیلئے پانچ ہزار روپئے کی امداد کا بھی اعلان کیا ہے۔ راحت کی

کارروائیوں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ سرکار نے 551 افراد کو باہر نکالا ہے اور اُنھیں راحت کیمپوں میں پہنچایا ہے۔قدرتی آفات سے نمٹنے والی دو ٹیموں سمیت چار ہزار سے زیادہ عملے کے افراد کو بچاؤ اور بازیافت کی کارروائیوں کیلئے تعینات کیا ہے۔ پڈوچیری، کرائیکل اور یانم میں دس ہزار سے زیادہ ہیکٹر آراضی کی فصلیں برباد ہوگئی ہیں۔ سرکار نے متاثرہ کسانوں کو معاوضے کے طور پر 30 ہزار روپئے فی ہیکٹر دینے کا وعدہ کیا ہے۔ مویشیوں کے زیاں اور املاک کو نقصان پہنچنے کیلئے معاوضہ دیا جائے گا۔ ایک ابتدائی رپورٹ میں نقصانات کا تخمینہ 100 کروڑ روپئے لگایا گیا ہے جسے مالی امداد حاصل کرنے کیلئے مرکزی سرکار کو بھیجا گیا ہے۔تمل ناڈو میں آج بارش سے تعلق رکھنے والے واقعات میں ابھی تک کم سے کم 13 افراد اپنی جان گنوا بیٹھے۔ اوسط سے شدید بارش، ریاست کے اندرونی اضلاع میں مسلسل ہو رہی ہے کیونکہ سمندری طوفان Fengal بحیرۂ عرب پہنچنے کیلئے آگے بڑھ رہا ہے۔

Tiruvannamalai اور Villupuram میں آبی اداروں میں پانی طغیانی پر ہے کیونکہ بارش مسلسل جاری ہے۔x

## *Jaishankar CII*

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مختلف محاذوں پر دنیا کو درپیش پیچیدہ چیلنجوں کا خصوصی طور پر ذکر کرتے ہوئے، عالمی شراکت داری کی ضرورت پر زور دیا۔ نئی دلّی میں CII شراکت داری چوٹی کانفرنس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے عالمی معیشت میں جاری یکسر تبدیلی کو اجاگر کیا اور زور دیتے ہوئے کہا کہ ان چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے محض انفرادی قومی کوششوں کی نہیں بلکہ اجتماعی نقطۂ نظر کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے گذشتہ دہائی میں عالمگیریت کے خلاف بڑھتی ہوئی تشویش کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ کئی معاشرے یہ محسوس کررہے ہیں کہ ان کی صلاحیتیں کمزور ہورہی ہیں اور معیارِ زندگی پر جمود طاری ہوگیا ہے۔ انہوں نے یوکرین تنازعے ، امریکہ - چین کشیدگی اور عالمِ جنوب میں افراطِ زر ، قرض اور کرنسی کے مسائل جیسے معاملات کا حوالہ دیتے ہوئے تعاون میں اضافہ کرنے پر زور دیا ہے۔ انہوں نے بھارت اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی اسٹریٹیجک ہم آہنگی کو اجاگر کیا ، جس کے باعث اشتراک کے مزید مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ بھارت کے ذریعے اپنی عالمی موجودگی کو مزید مستحکم بنانے کے ساتھ ڈاکٹر جے شنکر نے بھارت کو مزید قابلِ انحصار شراکت دار بننے کے تئیں ملک کی مینوفیکچرنگ صلاحیتوں کو مزید وسیع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے عالمی سپلائی کے سلسلے، ٹیکنالوجی اور صنعت میں بھارت کے بڑھتے ہوئے رول پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور بھارتی برادری کی وسعت پذیر صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔

SB - S. Jaishankar

## *IIS Virendra Died*

انڈین انفارمیشن سروسیز کے اعلیٰ افسر ویریندر سنگھ کا آج انتقال ہوگیا۔ وہ 55 سال کے تھے۔ ویریندر سنگھ نے نئی دِلی کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں اپنی آخری سانس لی۔ وہ آکاشوانی کے خبروں کے شعبے میں متعین تھے۔ اِس سے پہلے اُنہوں نے DPR ڈیفنس اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے مختلف دیگر میڈیا شعبوں میں کام کیا تھا۔x

## India Bangladesh

بھارت نے کہا ہے کہ آج اگرتلہ میں بنگلہ دیش اسسٹنٹ ہائی کمیشن کے احاطے کی خلاف ورزی کا معاملہ بے حد افسوسناک ہے۔ وزارتِ خارجہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سفارتی اور قونصلر املاک کو کسی بھی صورت میں نقصان نہیں پہنچایا جانا چاہیئے۔ وزارت نے مزید کہا کہ بھارت سرکار، نئی دلّی میں واقع بنگلہ دیش ہائی کمیشن اور ملک میں دیگر مقامات پر بنگلہ دیش کے ڈپٹی اور اسسٹنٹ ہائی کمیشنوں کی سلامتی کیلئے حفاظتی انتظامات میں اضافہ کررہی ہے۔ x

## NIC DG Interview with Akashwani

NCC کیڈٹس کو اُن کی اکاڈمیوں میں تربیت فراہم کرنے کی غرض سے تقریباً دو ہزار سابق فوجیوں کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک انٹرویو میں نیشنل کیڈٹ کور کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل Gurbeer Pal Singh نے کہا کہ NCC کے کیڈٹس اگنی ویر اسکیم میں پورے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لے رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ NCC اُن کیڈٹس کو بھی تربیت فراہم کر رہی ہے جو فوج میں شمولیت کرنا چاہتے ہیں۔

S/B NCC DG

جناب سنگھ نے یہ بھی اجاگر کیا کہ تربیت کے دوران، کیڈٹس کو اختراعی اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی جاتی ہیں اور اسی کے مطابق اُن کی تربیت کی جارہی ہے۔علاوہ ازیں اُنھوں نے کہا کہ NCC کے کیڈٹس ماحولیاتی تحفظ میں بھی حصہ لے رہے ہیں نیز وہ ملک گیر پیمانے پر شجرکاری کی مہم 'ایک پیڑ ماں کے نام' میں بھی حصہ لے رہے ہیں، جس کا آغاز وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس سال 5 جون کو کیا تھا۔x

## NAIK Ayush Achievement

حکومت نے آج کہا کہ آیوش کے شعبے میں گذشتہ سال 43 ارب ڈالر سے زیادہ کی اپنی مارکیٹ کے ساتھ پچھلے دس سالوں میں انتہائی نمایاں نمو درج کی ہے۔ بجلی اور نئی نیز قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیرمملکت شری پد یسّو نائک نے یہ بات آیوش سیکٹر میں سرکار کی کامیابیوں کے بارے میں میڈیا کو بتاتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ حکومت آیوش شعبے کی ترقی کے تئیں پُر عزم ہے۔ جناب نائک نے کہا کہ یوگا کا بین الاقوامی دن اب دنیا بھر کے زیادہ سے زیادہ ممالک میں منایا جاتا ہے اور یہ بات بھارت کی سوفٹ پاوَر کی عکاسی کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ برآمدات کے شعبے میں بھی 2014 میں ایک اعشاریہ صفر نو ارب ڈالر سے اضافہ ہوکر یہ 2023 میں دو اعشاریہ ایک چھ ارب ڈالر کا ہوگیا ہے۔x

## Bihar Chirag Paswan

ڈبہ بند خوراکوں کی صنعت کے مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے آج کہا کہ ملک میں ڈبہ بند خوراک کے شعبے میں وسیع امکانات ہیں اور یہ بین الاقوامی منڈی میں بھی اپنا مقام بناسکتا ہے۔ ڈبہ بند خوراک کے شعبے سے تعلق رکھنے

والی پٹنہ میں منعقدہ سرمایہ کاروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب پاسوان نے کہا کہ بھارت عالمی خوراک کی باسکٹ کے طور پر اپنا مقام قائم کرسکتا ہے اور اِس شعبے میں اِسے تسلیم کراسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ڈبہ بند خوراک کے شعبے میں کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنے کے بیشمار امکانات ہیں کیونکہ یہ جلد خراب ہونے والی کھانے پینے کی اشیاء کو زیادہ عرصے تک تازہ رکھنے میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

S/B Chirag Paswan

مرکزی وزیر موصوف نے سرمایہ کاروں کو دیئے جانے والی ترغیبات اور زیادہ آسانی سے کاروبار کرنے کا ماحول فراہم کرنے کیلئے بہار سرکار کی ستائش کی۔ جناب پاسوان نے کہا کہ مرکز، اِس شعبے میں بہار کی مدد کرنے اور اُس کا ساتھ دینے کے تئیں پُر عزم ہے جو مکھانے، لیچی اور دوسری زرعی مصنوعات میں اب بھی قیادت کر رہا ہے۔x

### ***SC Delhi GRAP 4***

سپریم کورٹ نے قومی راجدھانی میں ہوائی آلودگی سے متعلق GRAP 4 کے تحت ہنگامی اقدامات میں اس وقت تک کوئی نرمی کرنے سے انکار کیا ہے، جب تک کہ ہوا کے معیار کے اشاریے میں کمی کا رجحان ظاہر نہیں ہوتا۔ اس معاملے کی سنوائی 5 دسمبر کو کئے جانے کے فیصلے کے ساتھ ہی جسٹس ابھے ایس اوکا اور آگسٹائن جارج مسیح پر مشتمل ایک بینچ نے کہا کہ عدالتِ عظمیٰ ہوا کے معیار کے اشاریے کی سطح کا جمعرات کو جائزہ لے گی اور اس بات کا پتہ لگائے گی کہ اس میں کمی کا رجحان ظاہر ہو رہا ہے یا نہیں۔ عدالت نے اس بات کا نوٹس لیا کہ قومی راجدھانی میں GRAP 4 کے تحت بندشوں کے نفاذ میں حکومت کی ایجنسیوں ، شہری بلدیاتی اداروں اور پولیس کے درمیان تال میل کی کمی ہے ۔ x

### ***U-19 Asia Cup Cricket***

انڈر 19 ایشیا کپ کرکٹ مقابلے میں متحدہ عرب امارات کے شارجہ میں کھیلے گئے گروپ اے کے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے جاپان کو 221 رَن سے ہرایا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 50 اوورز میں 6 وکٹ پر 339 رَن بنائے۔ البتہ جاپان کی ٹیم مقررہ اوورز میں 8 وکٹ پر 128 رَن ہی بناسکی۔ دوبئی میں کھیلے گئے گروپ اے کے ایک دیگر میچ میں پاکستان نے متحدہ عرب امارات کو 69 رَن سے ہرایا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆